میں کامیاب ہو گیا لیکن دوسرا گروپ غائب ہوا، اس کے بعد سے لے کر، یہ 2011ء کی بات ہے، جب فیصل زیب صاحب کی حکومت تھی، بدقسمتی سے ان بیچاروں کیلئے کسی نے ایف آئی آر بھی درج نہیں کی، وہ مارے مارے پھرتے رہے کہ ایف آئی آر درج کی جائے، ان کی کوئی ایف آئی آر درج نہیں ہوئی۔ اس کے بعد چونکہ وہ FATA تھا، اس وقت مرکز میں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی، وہ پانچ سال گزرے، پھر اس کے بعد مسلم لیگ کی پانچ سال حکومت گزری، انہوں نے خاموشی اختیار کی، آج جب اس صوبے میں اور وفاق میں چونکہ آپ کو پتہ ہے، Merger کا ایک سال ڈیڑھ سال ہو گیا ہے، جب Merger ہوا، اس کے بعد یہ ایشو پہلی دفعہ جو دو ہفتے پہلے اٹھا، بشام کا ایک پورا جرگہ آیا، میرے ساتھ بشام میں ملا، انہوں نے کہا کہ ہماری لاشیں مل چکی ہیں، ہم وہاں سے شفٹ کرنا چاہتے ہیں لیکن ہمارے پاس وسائل نہیں ہیں، وہاں Security risk بھی ہے، میں نے ان کو اسی ہفتے پشاور بلایا، دوسرے دن میں نے آئی جی پی سے بات کی، میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے سیکورٹی کے لئے پولیس کے پچاس جوان دیئے، ڈی ایس پی، ایس ایچ او، سارے کے سارے وہاں موجود تھے، وہاں دو کلومیٹر پیدل راستہ ہے، وہاں کوئی گاڑی نہیں جا سکتی ہے، وہاں پر 1122 کا بھی میں مشکور ہوں کہ انہوں نے گیارہ ایمبولنس دیں اور اپنا پورا اسٹاف بھی دیا اور وہ جاکر، اس کے ساتھ میری پارٹی کے سدید الرحمان صاحب اور وقار خان صاحب کو میں نے ان کے ساتھ بھیجا، وہ ان کے ساتھ گئے، جمعہ کا دن تھا، چھ بجے یہاں سے نکلے اور شام کو انہوں نے آپریشن مکمل کر کے ان لاشوں کو لیکر آئے، بدقسمتی سے وہاں پر چونکہ Political scoring ہو رہی تھی، کچھ لوگ وہاں راستے میں پہنچے، تصویریں بنائیں اور آکر درہ آدم خیل میں روڈ بلاک کر دیا، سب کو کہا کہ روڈ بلاک کر دیں، کیونکہ حکومت بے حس ہے، ہمارے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، بالکل JIT بننی چاہیئے، میں اس کا انکار نہیں کروں گا، JIT بننی چاہیئے تاکہ پتہ چلے کہ کس حکومت کی بے حسی ہے، یہ جو بار بار، جتنا جو بھی جس انداز سے اس ایشو کو ایسا پیش کیا جا رہا ہے جس طرح اس کے ذمہ دار ہم ہیں، ہم اس کے ذمہ دار ہیں؟ اس وقت ہماری حکومت تھی؟ ہم نے بالکل اسی دن جب یہ لوگ چلے گئے، میں سی ایم صاحب کے پاس گیا، میں نے کہا کہ جی گیارہ سال پہلے کی لاشیں ہمیں مل چکی ہیں، ان کو لانے کے لئے پورا انتظام ہو گیا، میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ ان کے لئے کچھ تھوڑا سا پیکج دے دیں، انہوں نے کہا کہ میری طرف سے دس دس لاکھ روپے کا اعلان کر دیں، ان لوگوں کے جو لواحقین تھے، ان سے جب میں نے بات کی کہ میں کوشش بھی کروں گا کہ آپ کے لئے کوئی پیکج، لیکن انہوں نے کہا کہ ہمیں پیکج نہیں چاہیئے، ہمیں صرف

ہماری لاشیں منتقل کردیں، اس لئے کہ ہماری مائیں بہنیں ان کے بغیر سو نہیں سکتیں، ان کی لاشیں ان تک نہیں پہنچی ہیں، جب تک یہ لاشیں نہیں جائیں گی ہمارا سکون برباد رہے گا، ہمیں پیسے نہیں چاہیئے لیکن باوجود میں سی ایم صاحب کے پاس گیا کہ پیکیج دیں، انہوں نے دس دس لاکھ روپے کا اعلان کیا لیکن جو پولیٹیکل لوگ تھے، انہوں نے راستہ بند کیا، وہاں پر لاشوں کو رکھا، ان کی بے حرمتی کرائی، چار پانچ گھنٹے تک جو پولیس والے وہاں سیکورٹی کے لئے گئے تھے، ان کو دھکے دیئے، ان کی گاڑی الٹ دی، جناب سپیکر، پھر یہ کہا گیا کہ یہ جو حکومت ہے، یہ بے حس ہے، جس طرح فیصل کا دل دھڑک رہا ہوگا، اسی طرح میرا بھی اور میں نے ہمیشہ یہاں پر کوئلے کان کے مزدوروں کی بات کی ہے، ہم نے پہلی دفعہ ان کے لئے قانون سازی کی ہے، ان کی رجسٹریشن ہو جائے، میں محکمہ معدنیات کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس کا باقاعدہ اشتہار بھی دے دیا، پہلی مرتبہ ان کی رجسٹریشن شروع ہو گئی، جب تک ہم ان کے لئے Proper انتظام نہیں کریں گے جناب سپیکر، یہاں صرف تقریریں کرنے سے کام نہیں ہوگا، ہمارے ساتھ یہ ظلم ہو رہا ہے، ظلم تو اس لئے ہو رہا ہے کہ ہم نے ان کو روزگار نہیں دیا ہے، آج شانگلہ ٹورازم کے حوالے سے سب سے Rich ضلع ہے لیکن وہاں پر پہلی دفعہ کس نے سڑک بنائی؟ آج کافر بانڈہ میں 56 کروڑ کی سڑک شروع ہے، برج بانڈہ میں 16 کروڑ کی سڑک شروع ہے، جناب سپیکر، اس ADP میں ہم نے پیر سر کے لئے 16 کلومیٹر سڑک ڈال دی، جب یہ ٹورازم کی چیزیں بنیں گی تو لوگوں کو روزگار ملے گا، جب تک آپ روزگار نہیں دیں گے، وہاں تو آپ سکول بنا رہے ہیں، پہلی دفعہ جو "ایرا" کے زمانے میں زلزلے سے سکول گرے تھے، 88 سکولوں کو میں نے مکمل کئے، ریکارڈ پر موجود ہے، 88 سکولوں کو میں نے اپنے دور میں مکمل کرائے، ان کے لئے Funding کا بندوبست کیا۔ اس کے علاوہ میں نے 28 سکولوں کو بنایا، جناب سپیکر، جب ہم سکولوں کو بنائیں گے تو وہ لوگ تعلیم کریں گے، جب ہم ان کو روزگار دیں گے تو وہ کوئلے کی کان سے نجات پائیں گے، یہ تو نہیں ہو سکتا کہ آپ کوئلے کی کان میں ان کو بھیجیں اور پھر آپ جا کر اس پر سیاست کریں۔ میری گزارش ہے، ہم کوئی JIT سے نہیں ڈرتے، بنائی جائے، بالکل میں اس کی حمایت کروں گا، ان کو وہی پیکیج ملنا چاہیئے جو دوسرے لوگوں کو ملتا ہے، JIT بنے تو پتہ چلے گا لیکن ایف آئی آر تک درج نہیں ہے، یہ تو میں وزیر اعلیٰ صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے کہا کہ ان کے لئے بالکل کریں، جناب سپیکر، اس وقت تک چھ لاکھ روپے ان کو ڈیپارٹمنٹ دے گا، 15 لاکھ سی ایم صاحب نے Announce کر دیا، اسی طرح جو قانون ہے اس کے مطابق جو Mines owner ہے، وہ بھی اس کی پانچ

لاکھ تک Payment کرے گا، یہ پیکیج تقریباً کوئی 20 اور 22 لاکھ تک پہنچے گا، 26 لاکھ تک یہ پہنچے گا، ہم نے تو یہ کر دیا، اب وہ اپنے دور کی بھی بتائیں، جو بے عزتی ہوئی ہے، اب اس پر سیاست تو نہ کی جائے، وہ لوگ جن بیچاروں کو بڑے عرصے بعد سکون ملا ہے، تسلی ملی ہے، اب ان کو ورغلایا جارہا ہے کہ نہیں آپ پیکیج کے لئے نکلیں، میں حکومت کا مشکور ہوں کہ ہمیں عزت دی، ہماری جو لاشیں تھیں ان کو عزت ملی، باعزت طریقے سے گئے، وہ لوگ خوش ہیں، اس پر سیاست نہ کی جائے، ہم ان کی ہر ممکن کوشش کریں گے کہ کوئلے کی کان کے مزدوروں کو ختم کریں یا پھر کم از کم جو ہمارے کوئلے کی کان ہیں ان کو ہم Safe طریقے سے، Safe method سے استعمال کریں، یہ جو Blasting کا طریقہ ہے یہ ختم ہو جائے، جو Scientific طریقہ ہے وہ استعمال ہو۔ جناب سپیکر، ہمیں بہت زیادہ افسوس ہے، سب سے زیادہ کوئلے کان کے مزدور میرے حلقے میں ہیں، اب وہ وہی مزدوروں کو اٹھایا جارہا ہے کہ آپ اٹھیں، آپ کو کیا مل رہا ہے؟ لیکن میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ جب تک آپ ان کو مزدور کا درجہ نہیں دیتے، ان بیچاروں کو کیا ملے گا؟ آج تک وہ Registered نہیں ہیں، جب وہ Registered نہیں ہیں، ان کو Death grant نہیں مل سکتی، ان کو Marriage grant نہیں مل سکتی، ان کے بچوں کو سکالرشپ نہیں مل سکتی، یہ ظلم کس نے کیا ہے؟ جناب سپیکر، ہمارے دور میں ان کو Registered کیا جارہا ہے، ان کو Death grant بھی ملے گی، ان کو Marriage grant بھی ملے گی، ان کے بچوں کو سکالرشپ بھی ملے گی، ہم نے تو یہ کام کیا ہے، آپ بتائیں کہ کونسا کام رہ گیا تاکہ ہم وہ بھی کر لیں؟ میں مشکور ہوں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ میرے خیال میں انہوں نے کافی Detail سے کال اٹنشن نوٹس کا جواب دیا ہے اور امید کرتا ہوں کہ آپ Satisfied بھی ہوں گے۔

<u>جناب اختیار ولی</u>: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کال اٹنشن نوٹس پر سپلیمنٹری نہیں ہوتا، آپ پہلے Rules پڑھ لیں اس کے بعد بات کریں، آپ بیٹھ جائیں۔ جی فیصل زیب صاحب۔

<u>جناب فیصل زیب</u>: جناب سپیکر، منسٹر صاحب نے بہت اچھی باتیں کیں، انہوں نے اسی Floor پر خود ہی کہا کہ اس وقت FATA تھا، ضلعے Merged نہیں ہوئے تھے لیکن میں بھی یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ منسٹر صاحب دو سال ہو گئے ہیں کہ FATA کے ضلعے Merged ہوئے ہیں، اب وہ ضلعے تصور کئے جاتے ہیں، آپ کی حکومت ہے، اگر یہ جرگہ آپ کے پاس نہ آتا تو آپ کو ابھی تک پتہ بھی نہیں تھا کہ اس میں کیا

کرنا چاہیئے؟ دو سال ہو گئے ہیں یہ FATA merged ہوا ہے، اس کے بعد بار بار کہا جا رہا ہے کہ Point scoring کی جا رہی ہے، کوئی Point scoring نہیں کی جا رہی ہے، یہاں پر شانگلے کے عوام کی آواز اٹھائی جا رہی ہے، اگر اس کو کوئی Point scoring کا نام دیتا ہے، اس کی ہمیں پرواہ نہیں۔ رہی بات رجسٹریشن کی، آپ کی گورنمنٹ ہے، یہ آپ کا کام ہے کہ فوراً کوئلے کان کے جو مزدور ہیں، ان کو Registered کیا جائے۔ دو دن پہلے کوئٹہ میں بھی اس طرح کا واقعہ ہوا ہے کہ شانگلہ اور بالخصوص منسٹر صاحب کے حلقے کے ایک نوجوان کی لاش شانگلہ آئی ہے، یہ ایک دن کی بات نہیں ہے، بار بار یہ واقعات ہو رہے ہیں، منسٹر صاحب، میں آپ سے ایک منٹ کا وقت لوں گا، یہ ایشو بہت ضروری ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> فیصل زیب صاحب، دیکھیں، جب ایجنڈا ختم ہو جائے، اس کے بعد جو بھی بات کرنا چاہتے ہیں، سب کو ٹائم دوں گا۔۔۔۔

<u>جناب فیصل زیب:</u> سر، ایک منٹ کا وقت دیں، صرف ایک منٹ۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نہیں جی، تمام ممبرز ایک ایک منٹ کہتے ہیں، پھر میں پورا نہیں کر سکتا، پہلے ایجنڈے پر، جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت:</u> جناب سپیکر، دیکھیں، یہ بار بار کہہ رہے ہیں کہ ان کی حکومت ہے، ان کو کیسے پتہ نہیں چلا، میرے خیال سے دو سال سے تو فیصل زیب صاحب بھی اس اسمبلی میں ہیں، کبھی انہوں نے یہ ایشو اٹھایا ہے؟ اس اسمبلی میں وہاں کا ممبر اس سے پہلے کوئی اور تھا انہوں نے یہ ایشو اٹھایا ہے، کبھی کسی نے یہ ایشو نہیں اٹھایا، جب اٹھا تو ایک گھنٹے کے اندر حل کیا۔

تحریک التواء نمبر 272 پر قاعدہ 48 کے تحت بحث

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> آئٹم نمبر 10، تحریک التواء نمبر 272 پر بحث: محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب، ٹھیک ہے ایک نیا بندہ آیا ہے، اس کو اگر Rules regulations کا پتہ نہیں ہے، اس کو ایسے Snap نہیں کرنا چاہیئے۔ دوسری بات یہ ہے، ایک منٹ۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> میڈم، آپ ہر کسی کی وکالت نہ کریں، آپ اپنی پوائنٹ پر بات کریں اور جو۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> میں اپنا کر رہی ہوں۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی آپ اپنی بات کریں، دوسرا جو ممبر ہے، اس کو پہلے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: لیکن ایک بات ہے کہ آپ جتنا میرے ساتھ تکرار کر رہے ہیں یا دوسروں کے ساتھ تکرار کر رہے ہیں جناب سپیکر، ایک منٹ میں اس کی بات ہو جاتی ہے، وہ Point of order پر کھڑا تھا تو بات ہو جاتی۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، میں اس لئے کہہ رہا ہوں کہ جب یہ آنریبل ممبرز یہاں پر آتے ہیں تو ان کو Rules کی ایک Book دی جاتی ہے، اس Book کو سٹڈی کرنا چاہیئے، ابھی آپ اس پر بحث کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو جناب سپیکر صاحب، میری ایک ایڈجرنمنٹ موشن ہے کہ اسمبلی کی معمول کی کارروائی کو روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ خوازہ خیلہ سوات میں چھ سالہ بچی کو "سورہ" میں دیا گیا، گوکہ اس واقعے پر پختونخوا پولیس نے ایکشن لیا ہے لیکن ایسے واقعات سے معاشرے میں بگاڑ کا رجحان بڑھ رہا ہے، لہذا ایسے واقعات کو روکنے کے لئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے تاکہ معاشرے میں کمسن بچوں اور بچیوں کو اس قسم کے لاحق خطرات سے محفوظ رکھا جائے۔

جناب سپیکر صاحب، یہ ہمارے صوبے کا ایک بہت اہم مسئلہ ہے، بلکہ ہمارے صوبے کا نہیں پورے پاکستان کا ہے، پورے پاکستان میں اس کو کاروکاری، اس کو ونی، اس کو سیاہ کاری اور ہمارے صوبے میں اس کو "سورہ" کہا جاتا ہے، یہ پورے پاکستان میں ہر جگہ ہر ایک صوبے کا اپنا اپنا نام ہے، اس میں یہ ہوتا ہے کہ اگر کوئی لڑکا یا کوئی والد یا گھر کا کوئی بڑا قتل کردے یا کسی کا کسی کے ساتھ Affairs ہوں، اس کو رنگے ہاتھوں پکڑلے یا کوئی لڑکی کسی کے پیچھے چلی جائے تو پھر اس کا انجام یہ ہوتا ہے کہ ایک جرگہ بیٹھتا ہے، جرگے میں چونکہ یہ زمینوں کے تنازعات بھی ہوتے ہیں، ایک جرگہ بیٹھتا ہے اور وہ کہتا ہے کہ چلیں جی صلح کر لیتے ہیں، جب صلح کی باری آتی ہے تو اس میں سب سے جو کمسن بچیاں ہوتی ہیں، ان کو ایک بوڑھے شخص کے ساتھ یا بہت چھوٹے بچے کے ساتھ دے دی جاتی ہیں، وہ ایسے دے دی جاتی ہیں کہ جیسے وہ غلام ہوں، ان کی زندگی اللہ معافی دے کہ ان کی زندگی وہ پرانے زمانے کے جو غلام ہوتے تھے، ان سے بھی زیادہ بدتر ہوتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، Basically "سورہ" جو ہوتی ہے وہ ایک شخص کی بیوی ہوتی ہے لیکن اس کو "ناوې" کے نام سے یا اس کو دلہن کے نام سے کوئی نہیں پکارا جاتا، اس کو یہی کہا جاتا ہے کہ "دا په سوره کښې راغلې ده"، اس سے گھر کا کام کاج بھیڑ بکریوں سے بھی زیادہ لیا جاتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ معاملہ اس وقت بعض لوگ اس کو رپورٹ کرتے ہیں، بعض لوگ نہیں

کرتے، میں پختونخواپولیس کواس بات پر ضرور شاباش دیتی ہوں کہ یہ دو واقعے جو سوات میں ہوئے، انہوں نے دونوں کوناکام بنالیالیکن پولیس اپنے قانون سے آگے نہیں جاسکتی، جیساکہ اپر دیر میں 2013ء میں ایک کیس تھا،اپر دیر میں ایک شخص آیا،اس نے ہائی کورٹ میں یہ کہاکہ میرے والد کواور میرے بھائی کواس وجہ سے قتل کر دیاگیاکہ وہ چاہتے تھے کہ ہماری تین سال کی بچی کوان کو"سورہ" میں دے دیا جائے،جب ہم نے "سورہ" میں نہیں دی تواس کے بعد میرے بھائی اور باپ کو قتل کر دیا گیا،اب مجھے بھی دھمکیاں مل رہی ہیں۔ جناب سپیکر صاحب، ہائی کورٹ نے اس اسمبلی کو Direct direction دی کہ آپ اس پر سپیشل قانون بنائے اور اس سپیشل قانون میں،کیونکہ ہائی کورٹ نے صاف کہاکہ یہ ہائی کورٹ کا Verdict ہے کہ PPCاور قانون میں یہ Bailable ہے، اس میں اتنی گنجائش نہیں ہے کہ اتنے ظالمانہ قانون کو وہ روکا جاسکے کیونکہ ایک ظالمانہ قانون کو اس وقت روکا جاتاہے جب کوئی بہت بڑی Penaltyہوتاکہ لوگوں کوپتہ چل سکے کہ اگر ہم نے یہ کام کیاتوہمیں اس پراتنی بڑی سزا ملے گی، پھر وہ یہ کام نہیں کرتے، اب پولیس قانون کی حد سے باہر نہیں جاتی ہے، ظاہر ہےPPC میں یہ قانون Insufficient ہے، اسی طرح جو ہمارے Laws ہیں، ان میں بہت زیادہ کمزوریاں ہیں، جناب سپیکر صاحب، یہ ایک ایسی چیز ہے، پھر اس کے بعد جب ہم آتے ہیں اس کو میںChild Marriage Bill کے ساتھ Connect کرتی ہوں، جناب سپیکر،Child Marriage Bill ابھی تک ہماری اسمبلی میں ہے، ہم نے اس میں اٹھارہ سال کی عمر دی ہوئی ہے، اس میں اٹھارہ سال کی عمر سے کم جو بچے ہیں ان کو نابالغ تسلیم کیاجائے گا،ان کی شادیاں نہیں ہو سکیں گی، اگر وہ قانون بھی آجاتاہے تووہ اس کے ساتھ منتھی ہو جاتا،ایک نابالغ بچی جو تین سال کی ہے یاچار سال کی ہے، یہ خوازہ خیلہ کی جو بچی تھی، یہ چھ سال کی تھی، ظاہر ہے کہ اس میں بچی بالکل ایک Minorمیں آتی ہے، اگر وہ Child Marriage Billآجاتاتوآج یہ مسئلہ نہ ہوتا۔ پھر اسی طرح اگر آپ اس کے ساتھ شاہ زیب قتل کیس کو منتھی کرتے ہیں کہ اگر آج ایک Juvenileکسی بھی مقدمے میں پکڑاجاتاہے تو مجھے بتائیں کہ ہمارے پاس، ایک جو بار بار کہہ رہے ہیں کہ Pilot projectہے جو کہ ابھی بنوں میں بن رہاہے، پھر آپ اس کو کہاں لے کر جائیں گے؟ جناب سپیکر صاحب، ایک تو ہمارے پاس Private Members` Dayنہیں ہے، جس میں میرے چار پانچ بل پڑے ہوئے ہیں، بد قسمتی یہ ہے کہ ہماری گورنمنٹ وہ Private Members` Day پر کسی بھی اپوزیشن کو موقع نہیں دیتی، خود دھڑادھڑ کوئی آرڈیننس لے کر آرہاہے، کوئی بل لے کر آرہاہے، بلوں کی

بھر مار ہے، آرڈی نینس کی بھر مار ہے لیکن اس کے باوجود میں یہ سمجھتی ہوں کہ جب تک آپ اپوزیشن کے لوگوں کی یہ حقیقت نہیں سمجھتے کہ یہ لوگ قانون سازی میں گورنمنٹ سے پیچھے نہیں ہیں، ہمارے بہت زیادہ قانون جو وہ ہمارے Laws، جو ہم لوگوں نے بل جمع کئے ہوئے ہیں، میرا اسمبلی میں تیزاب گردی کا بل موجود ہے لیکن باوجود اس کے میں نہیں لاسکتی ہوں کیونکہ Private Members` Day نہیں ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے ایسے بل اور بھی موجود ہیں جو کہ میرے مختلف ایم پی ایز نے جمع کروائے ہیں لیکن اس کے باوجود وہ نہیں آسکے۔ جناب سپیکر صاحب، یہ "سورہ" ایک ایسی لعنت ہے کہ خدا نہ کرے کہ یہ کسی کے گھر میں اگر یہ "سورہ" کی بات آجاتی ہے، جب اس پر "سورہ" کا نام آجاتا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ یا تو اس کو زہر دیتی ہے یا پھر وہ خود زہر پی لیتی ہے یا پھر اس کو گھر والوں سے ملنے کی اجازت نہیں دی جاتی، اس کی موت اور زندگی ایسی ہے جیسا کہ وہ آقا کے سپرد کر دی گئی ہو۔ جناب سپیکر صاحب، یہ کہاں کا دستور ہے کہ گناہ میرا بھائی کرے، گناہ میرا باپ کرے، گناہ میرا بیٹا کرے اور اس میں میرے گھر کی بچی غلاموں کی طرح، دوسرے لوگوں کی غلام بن جائے اور وہ مرد دندناتے پھرے، اپنے مونچھوں کو تاؤ بھی دے کر کہے کہ بس میں اس جرم سے بچ گیا ہوں؟ میں اس پر یہاں بہت زیادہ دو تین چار دفعہ کھڑی ہوئی ہوں، میں نے Harassment پر کمیٹیاں بھی بنوائیں، جب آپ کی اس Chair پر سپیکر مشتاق غنی صاحب بیٹھے تھے، جب میں یہ پچھلی دفعہ لے کر آئی تو انہوں نے مجھے کہا کہ یہ تو کچھ بھی نہیں ہے کیونکہ مرد مرد کا ساتھ دیتا ہے، یہ بات بالکل صحیح ہے لیکن میں اس معزز خاندان کی اس کے باپ کا نام لے لوں تو آپ حیران ہو جائیں گے کہ وہ کس باپ کی بیٹی ہے، میں اس کو Ombudsman کے پاس لے کر گئی، اسی کا کیس خود بخود گورنر صاحب نے اٹھالیا، "ما مه شمیره د رگډ یم"، اس کے لئے جب گورنر کی (GIT (Governor Inspection Team بنی، انہوں نے اس بندے کو بالکل بے قصور ثابت کر دیا، اس کو کہا کہ جی یہ بالکل بے قصور ہے، یہ لڑکی جھوٹ بول رہی ہے، جب Ombudsman کے پاس یہ کیس گیا، وہ پروفیسر بھی برطرف ہو گیا اور یہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے Harassment کی طرف پہلی کامیابی تھی جو ہمیں ملی ہے، میں اس لڑکی کو بھی داد دیتی ہوں کہ اس نے اپنا خاندان نہیں چھپایا جبکہ گورنر ہاؤس سے اس کی تمام Detail اخبارات میں آگئی تھی، جس پر مجھے افسوس ہے کہ ایک معزز گھرانے کے لوگوں کی Detail آجاتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، اسی طرح "سورہ" بھی ہے کہ "سورہ" ایک گالی کے طور پر استعمال ہوتا ہے، "سورہ" ایک لعنت کے طور پر استعمال ہوتا ہے، "سورہ" ہماری

بچیوں کے لئے بد قسمتی کی علامت ہے اور اگر آپ دیکھیں تو پشاور کے Settled area میں بھی ہو رہا ہے، یہ پورے پختونخوا میں ہو رہا ہے، یہ باقاعدہ طور پر جو Merged areas ہیں، وہاں پر بھی ہوتا لیکن کیسز بہت کم رپورٹ ہوتے ہیں کیونکہ وہ کہتے ہیں ہم نے اپنی دشمنی ختم کرنی ہے، ہمیں اس بچی سے کیا لینا دینا ہے، اگر ایک بچی کسی کے بھینٹ چڑھ گئی تو ہمیں اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا، ہماری دشمنی ختم ہو جائے، گناہ مرد نے کیا ہوتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں ہائی کورٹ کی دی ہوئی Instructions' کی روشنی میں آپ سے یہ مطالبہ کرتی ہوں کہ "سورہ" پر ایک الگ Legislation آنی چاہیئے، اس کو ایک ناقابل تلافی جرم قرار دینا چاہیئے، اس پر باقاعدہ طور پر یہ دیکھنا چاہیئے کہ بھائی جو Laws ہیں، جو PPC ہے، اس میں ہمیں امنڈمنٹ کی ضرورت ہوگی، ہمیں اپنا Law بنانا پڑے گا، میں آپ کے توسط سے کہ یہ جس منسٹر کی Jurisdiction میں آتا ہے، یہ Child Marriage Bill، اس کو یہ لے کر آئیں۔ آخر میں میں یہ کہوں گی کہ جو ہم لوگوں نے Violence against women committee میں جو ہم لوگوں نے سفارشات دی تھیں، وہ بھی ابھی تک نہیں آئیں، میں منسٹر صاحب سے درخواست کروں گی، میں یہاں پر ایم پی ایز سے بھی درخواست کروں گی کہ اس میں میں نے جو امنڈمنٹ کی تھی، اس میں یہ تھا کہ ہر ڈسٹرکٹ میں کمیٹیاں بنیں گی، اس کمیٹی کو جو Chair کرے گا، پہلے اس میں DC تھا کہ DC Chair کرے گا لیکن میری امنڈمنٹ کے بعد یہ ہوا، میں منسٹر صاحب کی بھی مشکور ہوں کہ انہوں نے کہا کہ ہر Lady Member اس کو Chair کرے گی، جب یہ ڈسٹرکٹ لیول سے یہ گند صاف ہو تو ان شاء اللہ تعالیٰ مجھے امید ہے کہ یہ "سورہ" یہ غیرت کے نام پر قتل اور یہ باقی چیزیں Women harassment اور اس کے علاوہ Violence against the women, Child Marriage اور یہ تمام خرافات آہستہ آہستہ ختم ہوتی چلی جائیں گی۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے اتنے Important، حالانکہ اس کو لوگ Important نہیں سمجھتے لیکن یہ بہت Important ہے، یہ پاکستان میں تمام جگہوں پر موجود ہے، کوئی اس کو ریکارڈ پر لاتا ہے کوئی اس کو ریکارڈ پر نہیں لاتا، مہربانی کر کے اس پر ایسا Law بنائیں، آپ نے رولنگ دینی ہے کہ اس پر Law بنایا جائے، آپ Law department کو رولنگ دیں گے کہ اس پر Law بنایا جائے، اس میں ناقابل تلافی اس طریقے سے سزا دی جائے تاکہ مرد حضرات یہ سوچیں کہ ہاں ہم نے جیل جانا ہے، ہاں ہم نے یہ بھگتنا ہے،

ہم نے کوئی غلط کام کیا تو ہم نے بھگتنا ہے، ہماری بچی نے یا ہماری بہن نے اس کو نہیں بھگتنا، بہت شکریہ کہ آپ نے مجھ ٹائم دیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب میر کلام خان صاحب۔

جناب میر کلام خان: تهینک یو جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مننه چې ماته دې وخت راکړو۔ نن چې کومه د "سوري" په حوالې سره دا موضوع ده نو واقعې چې زمونږه په معاشره کښې دا ډیره لویه مهمه او ډیره لویه ضروری موضوع ده خو د دې سره تړلې د ماشومانو نورې هم داسې مسئلې دی چې په هغې باندې مونږ تر ننه پورې کار نه دے کړے، په هغه څیزونو، ورسره ورسره چې کومه د ماشومانو د "سوري" سره نورې هم کومې مسئلې راځی نو پکار ده چې مونږ په هغې باندې هم کار اوکړو۔ لکه د ټولو نه اول چې د ماشومانو د پیدائش په قبائلی علاقه کښې په Merged districts کښې کوم صورتحال دے، دوئ ته کوم Facilities دی نو هغه هسپتال ته رسول یا هلته د دې پیدائش، ډیر ماشومان په لارو کښې یا چې هسپتال ته اورسی نو هلته کښې ساه ورکړی۔ د هغې د پاره دویمه خبره د ټولو نه هم ضروری ده، زمونږ کډوال دی، زمونږه آئی ډی پیز دی،د کورونا په دې مسئله کښې په بکاخیل آئی ډی پیز کیمپ کښې زمونږه ماشومان پراته دی او هلته په افغانستان کښې، د پاکستان او د افغانستان په مینځ کښې دوبیهه او پس میله علاقې ورته وائی، په دیکښې د هغه سائیډ نه هم په تکلیف دی او د دې سائیډ نه هم په تکلیف دی، په هغې کښې هم په زرګونو ماشومان دی، په دیکښې هم په زرګونو داسې ماشومان دی چې د یو کال هم شته ،د دویم کال هم شته، د دریو کالو هم شته، د هغې د پاره پکار دا ده چې د دې ماشومانو مونږ په Broad sense کښې دا خبره راولو او د هغې د پاره د راتګ یو طریقه جوړ کړو۔ بله خبره دا ده چې زمونږ په قبائلی علاقه کښې چې څه رنګ میډم خبره اوکړه، د "سوري" چې کومه مسئله روانه ده، د هغې سره سره زمونږ په قبائلی علاقه کښې بله د ماشومانو انتهائی Serious issue روانه ده چې Land mines دی، د Land mines په واقعاتو کښې روزانه په جنوبی وزیرستان کښې یا په شمالی وزیرستان کښې یا په نورو ضم ډسټرکټس چې دی، په دیکښې په هفته کښې دوه ماشومان تقریباً خامخا د پښو نه یا د لاسونو نه

محروم او معذوره کیږی، دا مخکښې ورځ په جنوبی وزیرستان کښې په وانا کښې یو جینئ وه، روحیله بی بی چې دواړه لاسونه ئے په بم کښې کټ شوی دی، هغې ته به څوک انصاف ورکوی؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: ستاسو چې کومه ایجنډا ده، په هغې باندې خبره اوکړه، تاسو په دغه خبره کوئ۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: جناب سپیکر، زه د "سورې" او د ماشومانو خبرې سره Related خبره کوم، د سورې چې څومره مسئله ده، دومره هلته د Land mines هم مسئله ده۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: نو تاسو په هغې باندې چې کومه د Land mines مسئله ده، په هغې باندې بل ایډجرنمنټ موشن راوړئ، په هغې به خبره اوشی، اوس میډم چې کوم راوړې دے، په هغې باندې خبره اوکړه، تاسو څیزونه مه Mix کوئ، چې په کوم څیز باندې خبره وی په هغې خبره اوکړئ جی۔

<u>جناب میر کلام خان</u>: د سورې سره سره په دې صوبه کښې د ماشومانو سره نور هم زیات زیاتے شوے دے، هغوی باندې جنسی زیاتے هم کیږی، نورې هم مسئلې دی خو بس تاسو وایئی چې خبره مه اوږدوه، سینیئر کسان پاتې دی، هغوی به پرې هم خبره کوی۔ ډیره مهربانی، ډیره مننه۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: محترمہ بصیرت خان صاحبہ۔

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مهربانی چې ماته مو په دې Topic باندې د خبرو کولو موقع راکړه۔ زه به د نګهت اورکزئی شکریه ادا کوم چې په سوره باندې ئے خبره اوکړه او د اسمبلئ په Floor باندې مونږ هم خبرې اوکړې۔ که مونږه اوګورو او دا اووایو چې مونږه په دور جدید کښې وخت تیروؤ خو که په حقیقت کښې اوګورو نو زمونږه چې کومې ماشومانې دی، هغه په دور جاهلیت کښې دی، د اسلام نه مخکښې چې ټائم وو، ماشومان به ئے را واغستل، ژوندئ به ئے په زمکه کښې ښخ کړه، زه د سورې مثال دا ګنړم چې د ټول عمر د پاره خپله لور خور راواخلی او ژوندئ ئے ښخوی، بد قسمتئ سره مونږه پښتنو کښې دا

ځیز ډیر زیات دے ، زه به د پسمانده علاقې په باره کښې دا اووایم چې سوره هلته زیاته ده ، ظلم به ئے پلار اوکړی ،و رور به ئے اوکړی ، تره به ئے اوکړی خو بدل به لور خلاصوی ، مونږه خان ته غیرت مند پښتانه وایو ، زه د ټولو خپلو پښتنو مشرانو قدر کوم ، د بد قسمتئ سره د سورې چې کومه جرگه ده ، هغه د سړو په لاس کښې ده ، څنگه چې نگهت اورکزئی اووئیل چې دا Women Domestic Violence Bill چې پاس شوے دے نو په دې باندې پکار ده چې فی میل ممبر چې د کومې ضلعې والا وی ، هغه Involve شی ، که داسې قسم ایشو راځی نو چرته نه به یو فی میل خپل فی میل سپورټ کوی ، دوئ به د داسې حادثو نه بچ شی۔ که مونږه اوگورو سوره خو هغه For the time being خو دا وی چې یره په سوره کښې ئے جینئ ورکړه او Settlement اوشو ، قصه خلاصه شوه ، نه جناب سپیکر ، په دې ټائم کښې یوه بله سلسله سټارټ شی ، هغه ماشومه تر مرگه پورې پیغورونه اوری ، د پلار په کور باندې بنده وی ، مونږه چې په کوم بنیادی حقوق باندې خبره کوؤ ، مونږه وایو چې ایجوکیشن دے ، هیلتھ دے ، XYZ with health to all these things ، نو چې زما ماشومې سره داسې ظلم کیږی ، مونږه به تر څو پورې چپ پاتې کیږو ، که په دې ټائم کښې مونږه چپ پاتې شو نو بیا زمونږه دلته کښې د کښیناستلو هیڅ فائده نشته ، زما خو بالکل فائده نشته ، که زه دا اووایم چې په دې Topic باندې زه د اسمبلی فلور باندې ناسته ووم او زما په علاقو کښې د غیرت په نوم باندې ماشومانې مړې کیدې ، د هغې به صرف دا اووایم چې په دې فلور باندې زه ټولو ته ریکویسټ کوم ، زه خپل کلچر یا Norms against نه ځم خو برائے مهربانی چې ظلم تاسو اوکړئ ، غلطیانې تاسو اوکړئ ، د خپلو لونړو په Through باندې هغه خپله مسئله څه له حل کوئ ، دلته ډیرې لارې شته ، د پیسو په Through شی ، جرگه کښینوئ ، خپل ځانونه جیل ته مخامخ کړئ ، This is not the right way ، ظلم به یو اوکړی او بیا هغه ظلم چې Settle کوی نو هغه به بیا ماشومه برداشت کوی۔ زما به د اسمبلئ په فلور باندې دا ریکویسټ وی چې مونږه داسې Legislation جوړ کړو چې زمونږه ماشومانو ته حفاظت وی ، داسې قسم خبرې اوشی ، زمونږه په FATA یا په Merged

districts کبنې اوسه پورې هغه ځیز فنکشنل نه دے، مونږه سره په Merged districts کبنې به د پولیس ډیپارټمنټ کسان وی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میډم، د جمعې ورځ ده، شارټ کړئ۔

محترمہ بصیرت خان: جناب سپیکر، یو منټ جی، مونږه سره په Merged districts کبنې فی میل پولیس والا نشته، که داسې کیسز راځی نو Male هغه کورته نه شی تللے، زما به دا ریکویسټ وی چې زمونږه کوم دا فی میل سټاف دے، هغوی زمونږ سره On board شی، داسې قسم ایشو چې وی، زمونږه سره فی میل پولیس باقاعده موجود وی، هغوی خپل څه Hesitation نه وی، Easily assist کیدے شی، داسې د Helpline نمبرې وی چې مونږه په Merge districts کبنې چې هغه کومې Settled ماشومانې دی، هغه Easily پولیس ته یا Helpline ته Call کولے شی۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: حمیرا خاتون صاحبه، شارټ خبره کوئ جی، د جمعې ورځ ده۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کا شکریہ ادا کرتی ہوں کہ آپ نے مجھے موقع دیا، محترمہ نگہت اورکزئی صاحبہ کی بھی بہت مشکور ہوں کہ انہوں نے بڑے اہم ایشو کو یہاں پر اس Floor پر اٹھایا جو کہ میرے خیال میں تمام صوبے کا ایک جرگہ ہے، یہاں پر تمام صوبے کی نمائندگی موجود ہے، میں یہ سمجھتی ہوں کہ "سورہ" کی جو رسم ہے، وہ خواتین کے حقوق کی محرومیوں کا دروازہ کھولتی ہے، ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہم الحمدللہ ایک اسلامی نظریاتی پاکستان کے اندر رہتے ہیں، ہمارے آئین کا جو Preamble ہے، وہ لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ ہے، لہذا میں یہ سمجھتی ہوں کہ اسلام میں خواتین کو جو حقوق دیئے گئے ہیں، اس کی بہت تفصیل قرآن میں موجود ہے، یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ آج ہمارے ملک یا ہمارے صوبے کی بدنامی خواتین کے حقوق کے پورے نہ ہونے کی وجہ سے پوری دنیا میں ہمارے جگ ہنسائی ہو رہی ہے، اس لحاظ سے ایک اہم ایشو یہ ہے کہ جیسے میری بہن نے کہا کہ یہ جو "سورہ" کی رسم ہے، یہ محرومیوں کا ایک دروازہ اس لحاظ سے بھی کھولتی ہے کہ جب یہ خواتین ان گھروں کے اندر جاتی ہیں تو ان کو وہ بنیادی حقوق سے محروم کیا جاتا ہے کہ جو ان کا بنیادی حق ہے۔ اس وقت میں آپ کے سامنے خواتین کے حقوق کی محرومیوں کے لحاظ سے ایک اور اہم بات رکھتی ہوں کہ اس وقت ہماری چالیس فیصد خواتین شناختی کارڈ سے محروم ہیں، اس وقت ہماری خواتین بنیادی صحت اور تعلیم کی سہولیات سے محروم

ہیں، اس وقت یہ بہت تشویش کی بات ہے کہ اپر دیر کے ایک علاقے میں ہماری بچیوں کے پاس Transportation کی سہولت موجود نہیں ہے کہ وہ اپنے ہائی سکول کو Continue رکھیں اور اپنے ہائی سکول کے اندر ان کی حاضری ممکن بنائی جاسکے، ان خواتین کی محرومیوں کو دور کرنے کا ازالہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ ہم خواتین کو وہ بنیادی حقوق دیں جو کہ قرآن میں درج ہیں اور جن میں وراثت کا حق ہے، جن میں شادی کی رضامندی کا حق ہے، جن میں مہر ہے، جن میں وراثت ہے، جن میں اس خاتون کو گھر کی ملکہ بیوی کی حیثیت سے قرار دیا گیا ہے، لہذا میں یہ سمجھتی ہوں کہ بہت اہم ایشو ہے، اس پر Detail سے بحث بھی ہونی چاہیئے، اس کے لئے Detail کے ساتھ قانون سازی اور اس کا جو بھی Conclusion کرے گا، اس Conclusion کو قانون سازی کی شکل دینی چاہیئے، شکریہ۔

Mr. Deputy Speaker: Thank you. Ji, Madam.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، چونکہ میں جذبات کی رو میں اتنی بہہ گئی تھی کہ جو پوائنٹ تھا، وہ یہ تھا کہ میں آپ سے ریکویسٹ کرتی ہوں، آپ سے التجاء کرتی ہوں کہ اس ہاؤس کی ایک کمیٹی بنائی جائے جو "سورہ" کے لئے ہو، اس کے لئے قانون سازی بھی کرے، اس کے لئے جو بھی سفارشات ہیں، وہ مرتب کی جائیں، ہم لوگ بہتر طور پر جانتے ہیں کہ ایسی قانون سازی کیسی ہونی چاہیئے اور کیا ہونا چاہیئے؟ اگر آپ نے Law department پر ڈال دیا تو بس پھر گیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: ډیره مننه جناب سپیکر صاحب، د نګهت بی بی ډیره زیاته مننه چې یو دومره اهم نکتې ئے راا وچتې کړې، یقیناً ډیره د بد قسمتئ خبره ده چې په یویشتمه پیړئ کښې مونږ په کومه خاوره باندې ژوند کوؤ او په داسې حالاتو کښې چې چرته کښې مونږه د انسانیت خبره کوؤاو بیا چرته مونږه د زنانؤ حوالې سره او د هغوی د Rights خبره کوؤ، تاسو دې ته سوچ اوکړئ چې په دې وخت کښې دې نوی حالاتوته اوګورئ چې په نورو ملکونو کښې، د ترقی یافته ملکونو خبره مونږه کوؤ، زمونږه هغه زنانه چې دی، زمونږه هغه خوئیندې چې کوم ځایونو ته اورسیدلې، مونږه اوس هم په پارلیمان کښې دا خبره کوؤ چې دا په خوازه خیله کښې چې کومه واقعه شوې ده، د ټولونه اول خو مونږ د دې غندنه کوؤ، بلکه دا دلته کښې حکومت ناست دے، واکمن خلق ناست دی، دوئ نه دا تپوس پکار دے چې دا د سورې دا قانون چې دے دا خو داسې څه نوې خبره خو

نه ده، دا خو ډیر زوړ قانون دے، دا قانون Already موجود دے، زه دا تپوس کوم چې دا قانون موجود دے نو دا ولې نه عملی کیږی؟ او تاسو اوګورئ چې دا سې علاقې زه تاسو ته په پیښور کښې هم ښودلې شم چې دا سې علاقې، دا سې کلی اوس هم شته چې هلته کښې خلق پاځی، جرګه پاځی او دلته کښې چې څنګه خبره اوشوه، د افسوس خبره خو دا ده چې یو جرم، یو قتل هغه به یو سړې کوی، یو ورور به کوی، یو پلار به کوی، یو خاوند به کوی او د هغې سزا به بیا هغه بچیانوته ملاویږی، هغه ماشومانو ته ملاویږی، هغوی ته دا پته هم نه وی چې دا ما سره څه کیږی لګیا دی؟ هغوی په دې هم نه وی خبر چې دا سوره چې ده، دا جرګه چې ده، دا زما ورور، زما پلار، زما ځوې چې کوم جرم کړے دے، د دې په بدل کښې ماته څه سزا ملاویږی۔ تاسو ټول پښتانه یئ او تاسو په دې هاؤس کښې ناست ټولو ته پته هم ده چې دا سوره چې کومه ده په دیکښې چې کله دا سې بچیانې لاړې شی نو د هغوی ژوند څه وی؟ د هغوی هغه ځائې کښې چې کوم زه نه پوهیږم چې مونږ پښتون قوم ډیر غیرتمند یو، مونږ ته خپل کلتور او مونږه خپل چې کوم زمونږه کلتور دے، په هغې مونږ ډیر ښه پوهه یو، دلته کښې یو خبره ډیره د افسوس ده چې مونږ کله دا خبره کوؤ چې زنانه، لور خور ته په اسلام کښې دا دا حق حاصل دے، بیا دا وئیلې کیږی چې دا خو زمونږه کلتور نه دے او په کلتور کښې دا نشته چې بیا مونږ دا وایو چې په کلتور کښې دا دا شته، وائی چې دا خو په اسلام کښې نشته، زنانه چې ده، هغه په اسلام او په کلتور کښې اړوی را اړوی، ډیره د افسوس خبره ده، زه به دا تپوس کوم، د هغه Concerned department نه چې دوئ دې هغه قانون راا وچت کړی، په خلقو کښې او په جرګو کښې دا Awareness ولې نشته، دا څنګه ملک دے؟ آیا په دې ملک کښې قانون نشته؟ په دې ملک کښې حکومتونه نشته؟ جرګه کوی، جرګه کښې خو دوه درې کسان نه کښینی کنه، بل دا حق جرګې ته چا ورکړے دے چې هغه به د زنانو باره کښې، په هغې کښې زنانه موجود نه ده، د فیصله سازی اختیار هغه سړو ته چا ورکړے دے چې هغه به د زنانو فیصلې کوی؟ څو پورې چې په Decision making کښې زنانه نه وی شاملې، که هغه سیاسی ګوندونه دی، که هغه نور پلیټ فارمز دی، په هر ځائې کښې چې زنانه په جرګو کښې نه وی شامل کړی او

په Decision making کښې زنانه نه وی شامل نو دغه شان لعنتونه به وریږی او دغه شان کارونه به کیږی لکه په سوات کښې چې شوی دی۔ په موجوده وخت کښې مونږ دا خبره کوؤ، په یو ټپه کښې وائی چې:

ے   که د زلمو نه پوره نه شوه

فخر افغانه جینکۍ به دې ګټینه

دا هغه وخت راغلے دے چې ستاسو د زلمونه یوازې نه پوره کیږی، ستاسو نه دا یوازې پوره نه ده تر څو پورې چې تاسو سره د لته په اسمبلۍ کښې هم زنانه ناستې نه وی،د پښتون قوم په زنانو کښې دومره شعور، دومره Talent شته خو د کلتور، جناب سپیکر، ډیره د افسوس خبره ده، کله چې د کلتور خبره راشی او د جرګو خبره راشی نو مرګونه به سرے کوی او بیا به د دغه ماشومانو او د دغه ښځو په شا پټیږی، شرم پکار دے داسې سړو له چې هغوی د داسې ماشومانو په سوره کښې فیصلې کوی۔ ډیره مننه۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جی سردار حسین بابک صاحب۔

جناب سردار حسین: شکریه جناب سپیکر، زه د نګهت بی بی ډیره شکریه ادا کوم چې دا اهم ایشو ئے دلته د ډسکشن د پاره راؤړه او ستاسو هم شکریه ادا کوم۔ زما دا خیال دے چې ټولو زنانو خبرې اوکړې خو د ډسکشن نه مخکښې به زه دا تجویز دوئ له ورکړم چې د زنانو ډیر اهم Role دے، Population ئے هم Fifty percent plus دے خو په صوبائی کابینه کښې ما یوه زنانه هم اونه لیدله، دا ټولې زنانه دا حتجاج شروع کړئ چې په دې باندې د دې خپلې اسمبلۍ نه دا کار شروع کړو۔ جناب سپیکر، حقیقت هم دا دے چې دلته ډیر کوم زمونږ معاشرتی رواجونه دی یا تاریخی یو Trend را روان دے، باید چې مونږه هغې ته سوچ اوکړو چې نیت د هغې په شا څه وو، دغه کار کول پکار وو، دغه کار نه کول پکار وو، دا ډیره زیاته اهم او ضروری خبره ده او بیا اخلاقی توګه باندې هم که مونږ ورته اوګورو، په مذهبی توګه باندې هم د سورې په حواله، د واده په حواله، د هغې د ژوند په حواله یا زمونږ خوئیندو خبره اوکړه چې بیا په هغه کورونو کښې ورته کوم پیغورونه ملاویږی، د هغې په حواله دې خبرو ته کتل پکار دی او بیا دلته دا بدقسمتی راشی چې ډیر څیزونه په تاریخی حواله د کتلو

په ځائې د هغې Exploitation شروع شی، جناب سپیکر، دا ډیره لویه بدقسمتی ده. اوس هم چې د پښتنو په وطن کښې دا ذاتی دشمنئ چې دی، دا ډیرې زیاتې دی او دلته د شانګلې زمونږ دوه ممبران ناست دی، د هغه لوئې حادثې نه علاوه په شانګله کښې تیره هفته په یو کور کښې غالباً څلور مړی اوشو او دا ټوله ذاتی انا ده. جناب سپیکر، د دې څوک مرسته کولې شی چې یو ماشومه چې هغه بالغه هم نه وی، د هغې سوچ هم نه وی، د هغې بوجهه هم نه وی او هغه دې په داسې معاملاتو کښې د رشتې په شکل کښې ورکړے شی؟ دا مناسب خبره نه ده، د دې هیڅوک ملګرتیا نه شی کولے خو ما په دې ټول ډسکشن کښې هغه خبره واؤ نه ریدله کومه چې ما اوریدل غوښتل. جناب سپیکر، دا د پښتو یو ډیر لوئې تاریخ را روان دے چې مونږ دا وینو چې پښتنو په ډیرانونو باندې هم جهګړې کړې دی، هغه پښتنو کښې به دا متل مشهور وو چې "ډیران ګټو او ارټ بیلو" او په هغې باندې به لس لس او شل شل مړی کیدل، بیا به جرګې کښیناستلې او هغه جرګو به د دشمنئ ختمولو نیت د سورې چې وو، هغه به دا وو، زه د سورې وکالت نه کوم، د سورې تاریخ بیانوم او نیت به دا وو چې دا نه ختمیدونکی دشمنی چې ده دا په رشته کښې بدله شی، په رشته څنګه بدله شی؟ چې د دوه کورنو به جهګړه وه، دشمنی وه، د دې کور نه به ماشومه لاړه هلته به واده شوه، د دې کور نه به ماشومه راغله دلته به واده شوه، ظاهره خبره ده د هغې به ماشومان پیدا شو او دې مشرانو به هم هغه ماشومانو ته کتل، ظاهره خبره ده انسان انسان وی، هغه دشمنی به تهم شوه، هغه دشمنی به اودریدله. جناب سپیکر، وخت تلو راتلو، هغه خبرې داسې ځائې له راغلې چې هغه بیا پیغور جوړ شو، هغه کار چې وو، د خیر په ځائې هغې خیر راؤ نه وړلو، د هغې نه داسې داسې مسئلې جوړې شوې. زه به خواست ضرور کوم چې څنګه د پښتنو متل ضعیف نه شی کیدے، دا Challengeable ده، دلته زمونږ ټول مذهبی ورونړه ناست دی، نن دلته حدیث مونږ پخپله وایو، علماء کرام وائی چې دا ضعیف وی خو د پښتو متل دا Challengeable دے، دا زه نه وایم، دا د پښتنو تاریخ دے چې دا ضعیف نه شی کیدے، نیت د سورې وو، دا صرف په دې خاطر وو، دا نن هم تاسو اوګورئ چې د پښتنو په وطن کښې ذاتی دشمنئ د ډیرې لوئې بدقسمتئ نه په ډیر لوئې تعداد

کښې دی، په دومره لوئې تعداد کښې دی چې کالونه تیر شو، اوس خو شکر الحمدلله تعلیم هم راغلو، اوس خو شکر الحمدلله په خلقو کښې ډیر شعور هم راغلو، تر ډیره حده پورې د هغه دشمنو تعداد چې دے هغه کم شو، بالکل عوامی نیشنل پارټۍ دې سره اتفاق کوی چې کښینو، مونږه خپل معاشرتی اقدار، خپل معاشرتی تاریخ، دا دې وړاندې کیږدو، په شریکه کښینو، د نوی وخت د ضرورت او د تقاضو مطابق مونږ قانون سازی اوکړو خو هرګز دا نا چې دې له څوک دا رخ ورکوی، ګنی خدائے مه کړه، د پښتنو ذهنیت په داسې شکل دے، زه ډیر په معذرت سره دا خبره کوم چې دې له څوک کوم Angle ورکوی هغه خلق به د خپلو مقاصدو د پاره ورکوی خو د پښتنو په وطن کښې څنګه چې نور معاشرتی اقدار دلته پراته دی، نیت ئے بد نه وو، نیت ئے ښه وو او دا ظاهره خبره ده بیا د سپریم کورټ Decision راغلے دے، د هغه Decision نه پس مونږ ګورو، دا چې ډیر Rare cases کښی د دغه ماشومانو د سورې په شکل کښې Violation کیږی، مونږه Appreciate کوؤ خپل پولیس او عدالت هم Appreciate کوؤ، که کله هم د دې خبرې پته په دې شکل باندې اولګی، جناب سپیکر، که د سورې دا خبره مونږ یو سائډ ته کیږدو، هسې هم په پښتنو کښې د پښتنو په معاشره کښې Arrange marriages دی او په هغې اعتراض چا نه دے کړے، د پښتنو مور او پلار له اختیار ورکړے وی چې په کوم ځائې کښی ماله رشته کوئ، مونږ ټول، دا خو اوس نوے وخت راغلو، زمونږه دا شوکت صاحب دے، غالباً نه شم وئیلې چې هغه خو به پکښې دویم پخپله خوښه کړے دے خو اول ئے ضرور د خپل مور او پلار په دغه باندې کړے دے، داسې Light mood کښې خبره کوم ځکه چې زمونږه همزولے ملګرے دے، جناب سپیکر، دا وو هغه Arrange marriages، تاسو اوګورئ او د هغې نه تاسو اندازه اوکړئ چې د پښتنو په معاشره کښې د طلاق Ratio چې ده دا انتهائی کمه وه، دا کله سیوا شوه؟ دا ځکه سیوا شوه، دا هم تاریخ دے، مونږه چې څنګه دا Terminology استعمالوله، Love marriages شروع شو، دا د انسان Right دے، دا د ماشومې هم Right دے، دا د ماشوم هم Right دے، دا د پیغلې هم Right دے، دا د ځوان هم Right دے، هغه دې د خپلې خوښې واده اوکړی خو د پښتنو په

معاشرہ کښې د مور او پلار فیصلې چې دی دا غلطې نه دی، دا ثابته شوې دی، دا هم تاریخ دے، پکار دا ده چې مونږه دا تاریخ بیان کړو، دا زمونږ یو مشر ناست دے، دا زمونږه یو مشره ناسته ده، دا څومره چې زمونږ مشران، کریم خان پکښې ډیر زیات مشر دے، زمونږه دا پیر صاحب پکښې مشر دے، دا ټول دې سوچ او کړی، رنګیز خان پکښې مشر دے، زه او شوکت صاحب به څوانانو کښې راځو خو زه به ترې نه ځان اوباسم، دا ټول Arrange marriages دی او دا داسې کامیاب دی چې د دغه زنانؤ د Arrange marriages مثالونه، د پښتنو افسانې راواخلئ، د پښتنو ډرامې راواخلئ، لیکوال د ادب په ژبه او شکل کښې هغه هومره وفا، هغه هومره وفاداری، هغه هومره تابعداری، زه د نګهت بی بی د سورې وکالت یا مخالفت نه کوم، زه د پښتنو تاریخ بیانوم، لهذا دا د پښتنو دومره قوی، مضبوط او لوئې تاریخ دے، زه بالکل دې سره اتفاق کوم چې د سورې د پاره او نګهت بی بی دا خبره اوکړه، چونکه په نورو معاشرو کښې یو په بلوچ معاشره کښې او د پښتنو په معاشره کښې دشمنئ تیرې شوې دی، باقی معاشره کښې دومره نه دی شوی، دا دوئ چې ورله نومونه ورکوی، دا ظاهره خبره ده، څنګه چې ما د هغه خبرې ذکر اوکړو، بالکل مونږه د دې خبرې ملګرتیا کوؤ چې قانون سازی دې اوشی خو د پښتنو دا لوئې تاریخ چې دے دا باید چې په نظر کښې اوساتلے شی۔ شکریه۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جناب شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت:</u> جناب سپیکر، ډیره شکریه۔ یہ میں سمجھتا ہوں کہ نگہت بی بی نے، سرداره، اوس کښېنه کنه، چرته ځې-----

(شور)

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> واؤرئ جی، House in order، جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

<u>وزیر محنت وافرادی قوت:</u> میں یہ سمجھتا ہوں کہ جو Topic انہوں نے اٹھایا ہے، بہت ہی زبردست، حالانکہ کچھ قانون سازی موجود بھی ہے جس کے تحت پولیس اور عدالتیں کارروائیاں بھی کر رہی ہیں لیکن اس طرح مؤثر قانون سازی بھی ہونی چاہیئے، میں اس کے حق میں ہوں کہ کسی کی سزا کسی اور کو نہیں ملنی چاہیئے، یہ نہ ہمارے اسلام کے اندر موجود ہے، نہ قانون کے اندر موجود ہے کہ کسی کی جو مرضی ہے وہ

کرے، یہ انتہائی ظلم ہے۔ سردار بابک صاحب نے جن چیزوں کا حوالہ دیا کہ Arrange marriage وہ آج بھی کامیاب ہے لیکن Arrange marriage، "ونی اور سورہ" میں بہت فرق ہے، وہاں جو Arrange marriage ہوتی ہے، ماں باپ صحیح رشتہ دیکھتے ہیں، اس کی برابری کی بنیاد پر رشتہ دیکھتے ہیں، یہاں پر برابری کی بنیاد نہیں ہوتی، یہاں زبردستی کی بنیاد پر ہوتی ہے، اس میں بہت بڑا فرق ہے، Difference ہے۔ آج کی عورت نے تعلیم حاصل کی ہے، شعور حاصل کیا ہے، یہ بہت بڑی زیادتی ہو گی کہ ہم اس کو کسی ایسے قانون کی بھینٹ چڑھائیں جو کہ زیادتی کے زمرے میں آئے۔ جناب سپیکر، وقت کے ساتھ ساتھ حالات بھی بدلتے ہیں، اگر اسلام میں ایسی کوئی چیز نہیں ہے اور نہ ہی ہمارے کلچر میں ایسی کوئی چیز ہے، ہمارے کلچر میں بھی اور اسلام نے بھی عورت کو بہت بڑا مقام دیا ہے، Respect دی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ اب تک یہ جتنی بھی کارروائیاں ہوئی ہیں، یہ انسانی حقوق کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہیں۔ جناب سپیکر، وہ بالکل انفارمیشن کی بنیاد پر اور موجودہ جو Law ہے، اس کے تحت ہوئی، بالکل میں اس کے اندر جو میں سمجھتا ہوں کہ ملزم تو گرفتار ہو جاتا ہے لیکن ان کی Bail ہو جاتی ہے کیونکہ Investigation کا جو پراسیس ہے وہ کمزور ہے، میں یہی عرض کروں گا کہ جو Cases registered ہوئے ہیں، ان پر اس لئے عمل درآمد پوری طرح نہیں ہوتا ہے کہ آپ کے قانون میں سقم ہے، وہاں پر کچھ ایسی چیزیں ہیں جس سے وہ Bail out ہو جاتے ہیں، ان کو جو سزا ملنی چاہیئے ہوتی ہے، وہ اس سزا سے بچ جاتے ہیں۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس معاشرتی برائی کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے ہمیں مل کر ایسی قانون سازی کرنی چاہیئے کہ ہم اس کا راستہ روک سکیں۔ جناب سپیکر، میرے بھائی نے FATA کے حوالے سے جو بات کی، میں اس پر بھی تھوڑی سی روشنی ڈالوں گا کہ Merge کرنے کا مقصد یہ تھا کہ یہ جو 73 اور 74 سال میں FATA کے اندر وہ ترقی نہیں آسکی جس کی وجہ سے آج بھی وہاں پر زچگی کے دوران ماں اور بچے کی زندگی خطرے میں ہوتی ہے، وجہ یہ تھی کہ اس کو Merge کرنا تھا، آج ان کے ہسپتالوں کی Up gradation کا پراسیس شروع ہو چکا ہے، ان شاءاللہ وہ دیکھیں گے کہ ایک سال کے اندر اندر کافی بہتری آئے گی۔ انہوں نے ایک بات کی، جس وقت میں ہیلتھ منسٹر تھا، صرف ایک چیز کی وجہ سے کہ ماں اپنے بچے کو دودھ نہیں پلاتی، اس وجہ سے Twenty three percent بچے مر جاتے تھے، یہ Awareness بھی ہے، ساتھ ساتھ ایک قانون یہاں پاس ہوتا ہے، I don't know مجھے نہیں پتہ کہ اس قانون کا کیا ہوا؟ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں لیکر آیا تھا، وہ دودھ کے حوالے سے تھا، Breast

feeding law، یہ Breast feeding law میں نے یہ باقاعدہ درج کیا تھا کہ جو بھی دودھ باہر سے آئے گا، اس صوبے میں فروخت ہوگا، اس کے اوپر لکھا ہوگا کہ ماں کے دودھ کے برابر کوئی دودھ نہیں یا ماں کے دودھ کے متبادل کوئی دودھ نہیں، ہم روزانہ ٹی وی پر اشتہار دیکھتے ہیں کہ یہ بہترین دودھ ہے، اس سے یہ خواتین یا لوگ یہ تاثر لیتے ہیں کہ یہ دودھ پلانا چاہیئے، حالانکہ جو Mortality rate show کیا گیا، اس دودھ کی وجہ سے Twenty three percent بچے اپنی زندگی سے جان کھو بیٹھتے ہیں، میرے خیال میں ان چیزوں کو ہمیں Focus کرنا چاہیئے۔ جناب سپیکر، افغانستان کے حوالے سے انہوں نے جو بات کی کہ وہاں پر نزدیک جوایریا ہے، وہاں پر لوگوں کو مشکلات ہیں، ابھی صوبائی حکومت نے ایک تجویز دی ہے، اس پر تھوڑا بہت کام شروع بھی ہو چکا ہے کہ جہاں پر دلوں کے امراض کا جو ہسپتال بنا ہے، وہاں پر باقاعدہ کاؤنٹر بھی بنا دیا گیا ہے لیکن ہم میڈیکل کے ویزے جو افغانستان کے Patients کے لئے جاری کرنے جا رہے ہیں، اس میں یہ ہوگا کہ وہاں پر ان کو ایک تو یہ آسانی ہوگی کہ ان کے پاس کارڈ ہوگا، وہ جب یہاں آئیں گے تو بڑی عزت کے ساتھ آئیں گے، کوئی پولیس ان کو تنگ نہیں کرے گی اور ساتھ ہم یہ بھی کریں گے کہ ان کے لئے یہاں پر پہلے سے ہسپتال کے اندر ڈاکٹروں سے ٹائم لیا جائے گا، یہ ایک Mechanism بن رہا ہے جناب سپیکر، انہوں نے جن مشکلات کا ذکر کیا وہ کافی حد تک حل ہو جائیں گی ان شاء اللہ۔ باقی جو "سورہ" ہے تو "سورہ" کے بارے میں کوئی قانون موجود نہیں ہے، کوئی ایسا Specific قانون موجود نہیں ہے، وہ دوسری تیسری جگہ سے کہ جی زبردستی، یہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی ہے، وہ دفعات لگ جاتی ہیں لیکن بعد میں جا کر ان دفعات سے وہ ملزم نکل آتے ہیں، میرے خیال سے میں یہ تجویز بھی دوں گا، تجویز نہیں بلکہ میں Accept کروں گا کہ جنہوں نے تجویز دی ہے جناب سپیکر، اس کے لئے مؤثر قانون سازی ہوگی، اس حوالے سے ہم کریں گے ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جناب فیصل زیب صاحب، آپ کچھ کہنا چاہتے تھے۔

جناب فیصل زیب: شکریہ جناب سپیکر، دو تین دن پہلے میرے حلقے پورن میں ایک ہی گھر میں باپ اور تین بیٹوں کو قتل کیا گیا ہے، یہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہے، ملزمان کو گرفتار کیا گیا ہے لیکن دو دن سے شانگلہ کی تاریخ میں سب سے بڑا احتجاج کیا گیا ہے اور وہ احتجاج صرف اس لئے کہ ان کو انصاف فراہم کیا جائے۔ قاتلوں کو پکڑا گیا ہے لیکن سیکورٹی اداروں پر لوگوں کا بھروسا نہیں، اس لئے میری اپنے عوام کی طرف

سے آپ کو درخواست ہے کہ آپ منسٹر صاحب کی سربراہی میں ایک کمیٹی بنالیں تاکہ اس کی شفاف انکوائری ہوسکے اوران بچوں کوانصاف مل سکے۔ شکریہ۔

وزیر محنت وافرادی قوت: واقعی یہ ایک انتہائی افسوسناک واقعہ ہواہے،ایک گھر میں یہ واقعہ ہوا ہے، میں پولیس کو داد دوں گا کہ انہوں نے قاتل گرفتار کر لئے ہیں،ان شاء اللہ بالکل انصاف ہوگا کیونکہ چیزیں تو پھر عدالت میں جاتی ہیں، عدالت انصاف دیتی ہے۔ جہاں تک انہوں نے سیکورٹی اداروں کے اوپر تحفظات کا اظہار کیا، بے شک اگر یہ چاہتے ہیں، سارا معاملہ Investigation کے اندر ہوتا ہے، اگر ان کو Investigation officer کے اوپر بھروسا نہیں ہے تو ہم کسی دوسرے ضلع سے لاکر ان کی Investigation کرا سکتے ہیں لیکن میں ان کو یقین دلاتا ہوں کہ ان کو انصاف ضرور ملے گا ان شاء اللہ اور انصاف عدالتیں ہی دیتی ہیں اور جو کارروائی پولیس نے کی ہے، میرے خیال سے اس کو Appreciate کرناچاہیئے۔

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 11:00 a.m. Monday, morning, 19th April, 2021.

(اجلاس بروز سوموار مورخہ 19 اپریل 2021ء صبح گیارہ بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)